# 73ویں سالانہ اجلاسِ عام کی اطلاع

بذریعہ نوٹس ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ لکی کور انڈسٹریز لمیٹڈ (''کمپنی'') کا 73 واں سالانہ اجلاسِ عام (AGM) بروز جمعرات 26 ستمبر 2024 صبح 10 بجے، 5 ویسٹ وہارف، کراچی پر اور ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے منعقد کیا جائے گا۔

ہدایات برائے شرکت درج ذیل نوٹس میں فراہم کی جا رہی ہیں، سالانہ اجلاسِ عام کے انعقاد سے متعلق کورم کی شرائط کا جائزہ لیا جائے گا اور قانونی تقاضوں کے تعمیل یقینی بنائی جائے گی۔

سالانہ اجلاسِ عام درج ذیل کاروبار کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جا رہا ہے۔

**عمومی کاروبار**

1۔ 30 جون 2024 کو ختم شدہ سال کے لئے کمپنی کے آڈٹ شدہ سالانہ مالیاتی گوشواروں، بشمول ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کی وصولی، غور و خوض اور عمل درآمد کو یقینی بنانا۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 223 اور ایس آر او 2023/(1)389 بتاریخ 21 مارچ 2023 کی تعمیل میں کمپنی کے مالیاتی گوشوارے کمپنی کے درج ذیل ویب لنک اور QR کے حامل کوڈ کے ذریعے حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

https://www.luckycore.com/investor-relation/financial-reports

2۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تجویز کے مطابق، 30 جون 2024 کو ختم شدہ سال کے لئے 10 روپے کے ہر عمومی شیئر کا حتمی نقد منافع منقسمہ 33 روپے یعنی بحساب 330 فیصد کا اعلان اور منظوری دینا، منافع منقسمہ کی ادائیگی ان ممبرز کو ہوگی جن کے نام 19 ستمبر 2024 کو ممبران کے رجسٹر میں درج ہوں گے۔

3- مالی سال 25-2024 کے لئے کمپنی کے آڈیٹرز کی تعیناتی اور ان کے مشاہرے کا تعین۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کی بورڈ آڈٹ کمیٹی کی تجویز پر میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کو، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو 30 جون 2025 کو ختم ہونے والے سال کیلئے دوبارہ آڈیٹرز کے طور پر تعینات کرنے کی تجویز دی ہے۔

**خصوصی کاروبار**

4۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 38 کے مطابق کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترامیم پر غور کرنا اور مناسب سمجھنے پر ان کی منظوری دینا اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے ساتھ اس کو ہم آہنگ کرنا اور اس حوالے سے درج ذیل قرارداد کو خصوصی قرارداد کے طور پر منظور کرنا (ترمیم کے ساتھ یا بلا ترمیم)۔

''قرار پایا کہ کسی تجدید سے مشروط، جو سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کو درکار ہوں اور لاگو قوانین کے تحت درکار تمام رسمی کارروائیوں / طریقوں کو پورا کرنے کے بعد کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیمات، جس کی بورڈ آف ڈائریکٹرز نے تجویز دی اور چیف ایگزیکٹیو نے شناخت کے مقصد سے دستخط کئے ہیں اور کسی ریگولیٹری اتھارٹی کی جانب سے مطلوبہ تجدید سمیت منظور کی جاتی ہے تاکہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے مطابق اس کو ہم آہنگ کیا جائے۔"

"مزید قرار پایا کہ چیف ایگزیکٹیو آفیسر اور / یا کمپنی سیکرٹری انفرادی طور پر تمام امور، اعمال اور کام کرنے اور تمام قانونی کارروائیاں مکمل کرنے اور تمام دستاویز فائل کرنے، جو ضروری ہوں یا مذکورہ قرارداد پر عمل درآمد کرنے کی غرض سے اتفاقی طور پر لازمی ہوں، کی انجام دہی کرنے اور اس کے ساتھ ساتھ کوئی اور عمل یا قدم اٹھانے، جو ذیلی ہوں یا اتفاقی طور مذکورہ قرارداد کے مقاصد کو مکمل طور پر حاصل کرنے کیلئے ضروری ہوں کے مجاز ہیں۔"

5۔ درج ذیل قرارداد کو، جو کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشنز 207 اور / یا 208 کے تحت (جہاں تک لاگو ہوں) متعلقہ پارٹیز ٹرانزیکشن کے حوالے سے درج ذیل قراردادوں پر خصوصی قرارداد کے ذریعے (ترمیم کے ساتھ یا بلا ترمیم) غور و خوض کرنا اور مناسب سمجھنے پر توثیق کرنا اور منظوری دینا۔

"قرار پایا کہ متعلقہ پارٹیز سے لین دین، جو کمپنی نے مختلف متعلقہ پارٹیز کے ساتھ انجام دیئے، جو سال ختم شدہ 30 جون 2024 کے دوران میں 14,029,739,000 پاکستانی روپے (چودہ بلین انتیس ملین سات سو انتالیس ہزار روپے) کی مجموعی حد تک ہے جیسا کہ مذکورہ عرصے کیلئے کمپنی کے غیر مجموعی مالیاتی گوشواروں میں رپورٹ کیا گیا ہے، اس کی توثیق اور تصدیق کی جاتی ہے۔"

مزید قرار پایا کہ کمپنی وقتاً فوقتاً انتظامات کرنے یا لین دین کرنے کی مجاز ہوگی اور اس میں بشمول، مگر محدود نہیں، سامان، اشیاء اور میٹریلز کی خرید و فروخت، میٹریلز بشمول کیمیکلز، سوڈا ایش، پولیسٹر، الیکٹریسٹی، سیمنٹ، گاڑیاں، یا مختلف متعلقہ پارٹی ٹرانزیکشنز کے ساتھ خدمات کے حصول اور عطیات کی ادائیگی یا شیئر سبسکرپشن، بشمول مگر محدود نہیں، لکی سیمنٹ لمیٹڈ، یونس ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ، گدون ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ، وائی بی پاکستان لمیٹڈ، لکی ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ، لکی موٹرز کارپوریشن لمیٹڈ، لکی فوڈز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، لکی کموڈیٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، لکی لینڈمارک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، طبہ ہارٹ انسٹی ٹیوٹ، طبہ کڈنی انسٹی ٹیوٹ، عزیز طبہ فاؤنڈیشن، گلوبل کموڈیٹیز لمیٹڈ، لکی کور پاور جن لمیٹڈ، لکی ٹی جی (پرائیویٹ) لمیٹڈ، لکی کور وینچرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ اور اس طرح کی دیگر متعلقہ پارٹیز کے ساتھ مالی سال 30 جون 2025 کے دوران میں ٹرانزیکشنز شامل ہو سکتی ہیں، جتنا ڈائریکٹر مناسب سمجھے اور منظوری دے۔ ممبران کے علم میں ہے کہ مذکورہ بالا ٹرانزیکشنز کے لئے ڈائریکٹرز کی اکثریت کی دلچسپی / خواہش متصور ہو سکتی ہے۔ اس کے باوجود، ممبران یہاں کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو پیشگی اختیار اور منظوری دیتے ہیں بشمول کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 207 اور / یا 208 (جہاں تک لاگو ہوں) جس کے مطابق بورڈ کی منظور کی گئی مقدار کے حساب سے مذکورہ بالا کمپنیوں کے ساتھ متعلقہ پارٹی ٹرانزیکشنز کا جائزہ لے کر منظوری دی جائے۔

مزید قرار پایا کہ 30 جون 2025 کو ختم ہونے والی مدت کے لئے مذکورہ بالا متعلقہ پارٹی ٹرانزیکشنز بعد ازاں آئندہ سالانہ اجلاس عام میں ممبران کو توثیق اور تصدیق کے لئے پیش کی جائیں گی۔''

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت مذکورہ بالا خصوصی قرارداد پر مشتمل اصل حقائق پر مبنی اسٹیٹمنٹ اور کمپنیز (انویسٹمنٹ ان ایسوسی ایٹڈ کمپنیز اور ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز) ریگولیشنز 2017 کے ریگولیشن (2)4 کے تحت ایک اسٹیٹمنٹ اس نوٹس کے ساتھ منسلک کی جا رہی ہے۔

حسب الحکم بورڈ

لیلیٰ بھاٹیہ باوانی
کمپنی سیکریٹری

5 ستمبر 2024
کراچی

نوٹس:

1۔ شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش:
کمپنی کے شیئر ٹرانسفر بکس 20 ستمبر 2024 تا 26 ستمبر 2024 (دونوں دن شامل ہیں) تک بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرارز میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8-8، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی کے آفس میں 19 ستمبر 2024 کو کاروبار کے اختتام تک وصول ہونے والی منتقلیوں کو حتمی نقد منافع منقسمہ کی منتقلی کے حق دار سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت اور ووٹ دینے کے لئے بروقت تصور کیا جائے گا۔

2۔ بذاتِ خود یا ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے اجلاس میں شرکت:
19 ستمبر 2024 کو ممبران کے رجسٹر میں جن ممبران کے نام درج ہوں گے وہ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے حقدار ہوں گے۔ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے اہل ممبر کو اجلاس میں شرکت، بولنے اور ووٹ دینے کے لئے کسی کو بطور نمائندہ (پراکسی) مقرر کرنے کا حق حاصل ہوگا۔

ممبران کو اجلاس کے لئے مؤثر پراکسی دستاویز اس اطلاع کے ساتھ بھجوائے جا رہے ہیں۔ پراکسی دستاویز کی مزید کاپیاں کمپنی کے رجسٹرڈ آفس سے کام کے عمومی اوقات میں حاصل کی جاسکتی ہیں۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.luckycore.com سے بھی ڈاؤن لوڈ کئے جاسکتے ہیں۔ پراکسی دستاویز اور پاور آف اٹارنی یا دیگر کوئی مختار نامہ (اگر کوئی ہو) جس پر دستخط ہیں وہ تصدیق شدہ ہے، یا ایسے کسی پاور یا مختار نامے کی تصدیق شدہ کاپی فعال صورت میں ہو، سالانہ اجلاسِ عام سے کم از کم 48 گھنٹے قبل (چھٹیوں کے علاوہ) generalmeeting@luckycore.com پر ای میل کئے جاسکتے ہیں۔ یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے رجسٹرڈ ایڈریس پر بھیجے جاسکتے ہیں۔

ممبران سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی ہمارے شیئر رجسٹرار فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے رجسٹرڈ ایڈریس پر جمع کرائیں۔

الف) ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے لئے، ممبران سے گزارش کی جاتی ہے کہ اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل generalmeetings@luckycore.com پر درج ذیل معلومات فراہم کر کے اپنے آپ کو رجسٹر کریں:

| شیئر ہولڈر کا نام | سی این آئی سی / این ٹی این نمبر | فولیو نمبر / سی ڈی سی IAS اکاؤنٹ نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

ب) ممبران کو مذکورہ بالا تفصیلات کی تصدیق کے بعد رجسٹر کیا جائے گا اور انہیں کمپنی کی جانب سے ای میل کے ذریعے ویڈیو لنک فراہم کیا جائے گا۔

ج) صرف انہی ممبران کو ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کی منظوری دی جائے گی جن کے نام رجسٹریشن کیلئے (جیسا اوپر پوائنٹ الف میں درج ہے) کمپنی کے ساتھ شیئر کی گئی تفصیلات کے مطابق ہوں گے۔

د) لاگ ان کی سہولت صبح 09:45 سے سالانہ اجلاسِ عام کے اختتام تک جاری رہے گی۔

ر) ممبران سالانہ اجلاسِ عام کے ایجنڈے سے متعلق اپنی آراء اور تجاویز generalmeetings@luckycore.com پر ای میل کر سکتے ہیں۔

3۔ سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (CDC) کے انویسٹر اکاؤنٹ ہولڈرز کے لئے ہدایات:
سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 مورخہ 26 جنوری 2000 کے مطابق درج ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا:

الف) اجلاس میں شرکت کے لیے

(I) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر یا وہ فرد جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ ہو چکی ہیں، سالانہ اجلاس کے وقت اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کروائیں۔

(II) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی منتخب فرد کے دستخط کے نمونے کے ساتھ اجلاس کے وقت پیش کرنا ہوگا۔

ب) پراکسی کے تقرر کے لیے

(i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا وہ فرد جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطے کے مطابق اپ لوڈ ہو چکی ہیں، مندرجہ بالا ہدایات کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائیں۔

(ii) پراکسی فارم کے لئے 2 گواہ ضروری ہیں، جن کے نام، ایڈریس اور سی این آئی سی نمبر فارم پر درج ہوں۔

(iii) بینیفیشل مالکان اور پراکسی کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرانا ہوں گی۔

(iv) پراکسی اپنا اصل سی این آئی سی یا فعال پاسپورٹ اجلاس کے وقت ہمراہ لائیں۔

(v) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی منتخب فرد کے دستخط کے نمونے کے ساتھ کمپنی کو فراہم کرنے ہوں گے (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

4۔ سالانہ رپورٹ 2024 کی الیکٹرانک ترسیل:
کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 223(6) اور ایس آر او 389(1)/2023 بتاریخ 21 مارچ 2023 کی تعمیل میں کمپنی نے شیئر ہولڈرز کو سالانہ رپورٹ 2024 کی ویب لنک، QR کوڈ اور ای میل کے ذریعے الیکٹرانک ترسیل انجام دی ہے جن کے ای میل ایڈریس کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس موجود ہیں۔ تاہم ایسے ممبران جن کے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس ای میل ایڈریس موجود نہیں ہیں انہیں سالانہ اجلاسِ عام کی اطلاع کے نوٹس کی پرنٹ شدہ کاپیاں بشمول سالانہ رپورٹ (جس میں مالیاتی گوشوارے درج ہیں) مع QR کا حامل کوڈ / ویب لنک ڈاؤن لوڈ کرنے کے لئے ارسال کر دیئے گئے ہیں۔

اس کے باوجود کمپنی سالانہ رپورٹ 2024 کی ہارڈ کاپی، کسی بھی ممبر کی جانب سے درخواست بھیجنے پر، ان کے رجسٹرڈ ایڈریس پر ایسی درخواست موصول ہونے کے ایک (1) ہفتے کے اندر مفت میں فراہم کرے گی۔

مزید براں فزیکل فارم میں شیئرز رکھنے والے ممبران سے گزارش کہ جاتی ہے کہ برائے مہربانی اپنا مؤثر ای میل ایڈریس (اپنے مؤثر CNIC کی کاپی کے ہمراہ) کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو فراہم کریں جبکہ بک انٹری فارم میں شیئرز رکھنے والے ممبران اپنے متعلقہ پارٹیسپینٹ / انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو فراہم کریں۔

### 5۔ CNIC/NTN جمع کرانا (لازمی):
ایس ای سی پی کی ہدایات کی روشنی میں، ان شیئر ہولڈرز کے ڈیویڈنڈ جنہوں نے شیئر رجسٹرار کے پاس اپنے موثر سی این آئی سی یا این ٹی این (کارپوریٹ ادارے کی صورت میں) فراہم نہیں کئے ان کی ادائیگی روکی جاسکتی ہے۔ اس لئے شیئر ہولڈرا پنے مؤثر سی این آئی سی کی فوٹو کاپی (اگر پہلے فراہم نہیں کی) کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس جمع کرائیں۔ ممبر کے مؤثر سی این آئی سی کی غیر موجودگی میں، کمپنی ممبران کے ڈیویڈنڈ روکنے کے لئے مجبور ہوگی۔

### 6۔ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ (لازمی):
کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 اور کمپنیز ریگولیشنز 2017 (ڈیویڈنڈز کی تقسیم) کے ریگولیشن 4 کی تعمیل میں، کسی بھی لسٹڈ کمپنی کے لئے لازم ہے اپنے شیئر ہولڈرز کو نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی صرف اس کے فراہم کردہ بینک اکاؤنٹ میں الیکٹرانک انداز سے ہی انجام دے۔ مذکورہ بالا قانون کی تعمیل میں اپنی بینک اکاؤنٹ میں براہ راست منافع منقسمہ وصول کرنے کے لئے، آپ سے گزارش کی جاتی ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ www.luckycore.com پر موجود فارم میں درج معلومات (اگر پہلے فراہم نہیں کی) فراہم کریں، الیکٹرانک فارم شیئرز رکھنے والے اپنی بروکرز/سی ڈی سی کو فراہم کریں جبکہ فزیکل فارم میں شیئرز رکھنے والے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں۔ معلومات موصول نہ ہونے کی صورت میں کمپنی شیئر ہولڈرز کو منافع منقسمہ کی ادائیگی روکنے پر مجبور ہوگی۔

### 7۔ ودہولڈنگ ٹیکس کا نفاذ:
انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کی تعمیل میں شیئرز کے منافع منقسمہ کی آمدنی پر ودہولڈنگ ٹیکس نافذ ہوگا۔ ڈیویڈنڈ پر ودہولڈنگ ٹیکس کا نفاذ شیئر ہولڈرز کے "ایکٹیو" اور "نان ایکٹیو" اسٹیٹس کی بنیاد پر بالترتیب 15 فیصد اور 30 فیصد کے حساب سے ہوگا۔ ایکٹیو سے مراد وہ فرد ہے جس کا نام ایف بی آر کے ای پورٹل (http://www.fbr.gov.pk) پر ایکٹیو ٹیکس پیئر لسٹ میں موجود ہو اور نان ایکٹیو سے مراد وہ فرد ہے جس کا نام ایکٹیو ٹیکس پیئر لسٹ میں موجود نہ ہو۔

مزید براں، فیڈرل بورڈ آف ریوینیو (FBR) کی جانب سے موصول ہونے والی وضاحت کے مطابق، جوائنٹ اکاؤنٹ کی صورت میں ودہولڈنگ ٹیکس کا نفاذ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر پر انکے شیئر ہولڈنگ تناسب کی بنیاد پر ایکٹیو/نان ایکٹیو اسٹیٹس پر علیحدہ سے ہوگا۔

جوائنٹ ممبرز کے ساتھ شیئر رکھنے والے تمام شیئر ہولڈرز سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈر کے اپنے شیئر ہولڈنگ تناسب کی معلومات ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس ذیل میں درج طریقہ کار کے تحت 19 ستمبر 2024 کو کاروبار بند ہونے سے قبل تک فراہم کریں:

| پرنسپل شیئر ہولڈر/جوائنٹ شیئر ہولڈرز کا نام | شیئر ہولڈنگ تناسب % | CNIC نمبر (کاپی منسلک کریں) | فولیو/CDC اکاؤنٹ نمبر | ٹوٹل شیئرز | دستخط |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

### 8۔ انکم ٹیکس/زکوٰۃ کی کٹوتی سے استثنیٰ:
ممبران جو انکم ٹیکس کی کٹوتی سے استثنیٰ کے خواہشمند ہیں یا وہ جو رعایتی شرح پر کٹوتی کے اہل ہیں ان سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ ٹیکس سے استثنیٰ کا مؤثر سرٹیفکیٹ یا ضروری دستاویزی ثبوت جمع کرائیں۔ ممبران جو زکوٰۃ کی کٹوتی نہیں چاہتے ان سے گزارش کی جاتی ہے کہ زکوٰۃ کی کٹوتی سے استثنیٰ کا مؤثر حلف نامہ جمع کرائیں۔

### 9۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 244 کے تحت غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ/شیئرز:
کمپنی کے غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈز/شیئرز کی اپ ڈیٹڈ لسٹ کمپنی کی ویب سائٹ www.luckycore.com پر موجود ہے۔ یہ غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ/شیئرز ہیں جن کی ادائیگی کی تاریخ کو تین سال سے زائد کا عرصہ گزرا ہے یا انہیں غیر دعویٰ شدہ ہی چھوڑا گیا ہے۔

کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود کلیم فارمز پر ممبرز کی جانب سے دعویٰ داخل کیا جاسکتا ہے۔ کلیم فارم لازمی طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس ڈیویڈنڈ/شیئرز کی وصولی کے لئے جمع کرائے جاسکتے ہیں۔

### 10۔ فزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم میں تبدیلی:
سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے خط CSD/ED/Misc/2016-639-640 بتاریخ 26 مارچ 2021 میں لسٹڈ کمپنیز کو ہدایت دی ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے مطابق اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔

کمپنی کے فزیکل فولیوز/شیئر سرٹیفکیٹ رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے گزارش کی جاتی ہے کہ جلد سے جلد اپنے فزیکل فارم والے شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرائیں۔ اس ضمن میں شیئر ہولڈرز اپنے بروکر، سی ڈی سی پارٹیسپنٹ یا سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروس پرووائیڈر سے سی ڈی ایس اکاؤنٹ کھولنے اور فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرانے کے لئے مدد لے سکتے ہیں۔ اس سے شیئر ہولڈرز کو شیئرز کی محفوظ حوالگی سمیت کئی طریقوں سے سہولت ہوگی جبکہ ڈپلیکیٹ شیئرز وغیرہ کے اجراء کے لئے مطلوبہ لوازمات سے بھی محفوظ رہیں گے۔ مزید معلومات اور معاونت کے لئے، شیئر ہولڈرز ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

### 11۔ پوسٹل بیلٹ:
کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے مطابق کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 143 اور 144 کے ساتھ اس طرح پڑھا جائے گا کہ ممبران کو پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ کرنے کا حق حاصل ہوگا۔ یہ ووٹنگ پوسٹ یا الیکٹرانک انداز میں مذکورہ ریگولیشنز میں درج لوازمات اور طریقہ کار کے مطابق ہوگی۔

### 12۔ ای میل ایڈریس اور موبائل نمبر درج کرنے کی شرط:
ممبران سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اپنے فیزیکل فولیو کے لئے اپ ڈیٹ شدہ ای میل اور موبائل فون نمبر فراہم کریں اور الیکٹرانک شکل میں شیئرز کی صورت میں اپنی پارٹیسپنٹ یا بروکر/سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو فراہم کریں۔